Germany in return had offered Pakistan to send its workers there. Pakistan was even hesitant and proud enough to send its men in the times of Ayub Khan's government who did not accept the offer considering it a lowly job. The offer of Germany was then utilized by Turkey, another ally of Germany, with the result that we find today that the first largest population of immigrants in Germany consists of Turkish people, who own not only small businesses but we find nearly all the tasty 'Shish Kebab' restaurants spread all over Germany and in surrounding countries too, friendly to Germany. This has caused however, finishing of German origin restaurants of similar nature, for instance the 'Wienerwald' and the like. Turkish immigrants will speak German language to you only without of course having gone to schools to learn German language but surely not a word of English. In the 1960s, West Germany started a prolonged and heavy programme in its industrialization. It has idealized Pakistan and its workers who were there by their own efforts and virtue and who have contributed a lot in its development. The Pakistani workers are renowned for their diligent hard work and Germans consider them as a hardworking, intelligent and well-behaved people (as opposed to the Turkish Immigrants in majority who do not mix up with other people nor do they work in factories). I write these impressions because of my own experiences and contacts with the German businessmen and the common people because of my prolonged business-travels abroad.

Coming back to my country, the name Pakistan was coined by Chaudry Rehmat Ali, a 'Pakistan Movement' activist who lived in London. He in January 1933 had the honour of inventing the name for a country which would come into existence after fifteen years. The great Chaudry had published a pamphlet in London with the name 'Now or Never' meaning thereby that it was the ripe time to create a country with the name 'Pakistan'. Our salutes are to the gentleman, who originally hailed from Hoshiarpur (now East Punjab) and had studied in Jullundur. He belonged to an ordinary village family but all the credit to his genesis for his spiritual inception; he is to be remembered for all times to come.

Chaudry Rehmat Ali

(who coined the name of Pakistan in 1933 while in London)

Owing to the current nose-drive of the economic situation in Pakistan, the scenario continues to deteriorate from depression and related disorders affecting exceedingly 800 people per day. As a result of the recurring waves of inflation unleashed by successive governments in the country, pessimism and despair among the people has grown manifold. The situation continues to deteriorate day by day, with institutions such as PIA, Railways and Steel mills are struggling for survival. The governments seem to lack competence, ability and integrity to cure the ailment of the economic catastrophic situation. It looks ironical to tell that the 'Cantonment Boards' in the cities have increased the house or property taxes by more than 250% in the last six years 6, which is ignominious and smears ridiculous design for average middle class people who usually own houses in these areas and there is no body to ask or check this impertinence of the responsible to come forward to check and rescue the common man who is unfortunate to have resided there and build beautiful houses and made the area adorably beautiful. Is it their fault, melody or a 'Swan Song'?

-X-x-x-x-x-x-x-x-x-

میری کاروباری سرگرمیوں اور چیمبر کی سیاست میں خصوصی دلچسپی کے پیش نظر "اتحاد فونڈرز گروپ" کی جانب سے سیالکوٹ چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی میں خواتین کیلئے مختص سیٹ پر مجھے بطور ممبر ایگزیکٹو کمیٹی دو سال (20-2019) کیلئے منتخب کیا گیا۔ مجھے سیالکوٹ چیمبر کی ڈیپارٹمینٹل کمیٹی برائے ویمن انٹر پرینیور کے علاوہ چیمبر ممبران کو درپیش مسائل کے حل اور فروغ برآمدات کیلئے قائم کردہ مختلف ڈیپارٹمینٹل کمیٹیز میں بھی کام کرنے کا موقع ملا ہے۔ علاوہ ازیں اس وقت میں ویمن چیمبر کی بانی ممبر ایگزیکٹو کمیٹی کے طور پر خدمات سر انجام دے رہی ہوں۔

مجھے یہ بات شیئر کرتے ہوئے دلی اطمینان محسوس ہو رہا ہے کہ آج میں اپنے شہر اور بالخصوص اپنے ملک کی معیشت کو استحکام فراہم کرنے میں معاون "قیمتی زرمبادلہ" کما کر اپنے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا انتہائی کم مگر حصہ ضرور ڈال رہی ہوں۔ میں سیالکوٹ بلکہ پاکستان کی تمام پڑھی لکھی اور ٹیکنیکل ایجوکیشن کی حامل خواتین اور نوجوان بچیوں سے بھی کہوں گی کہ وہ بھی گھریلو مصروفیات کے ساتھ ساتھ کاروبار کی جانب راغب ہوں۔ پوری دنیا میں اس وقت آن لائن بزنس تیزی کے ساتھ فروغ پا رہا ہے آپ بھی آگے آئیں، سیالکوٹ چیمبر نے خواتین کی کاروباری راہنمائی اور معاونت کیلئے "خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ" کی شکل میں آپ کو ایک بہترین پلیٹ فارم مہیا کر دیا ہے، اس کا حصہ بن کر ہم اپنے خاندان اور ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں اپنا حصہ ڈالیں۔ سیالکوٹ چیمبر آپ کی بھرپور راہنمائی کیلئے ہر ممکن تعاون کیلئے حاضر ہے۔

علاوہ ازیں انہوں نے خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے زیر اہتمام سیالکوٹ کی تاریخ میں خواتین کیلئے منعقدہ کامیاب تجارتی نمائش "WE Exhibit" کے حوالہ سے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلا شبہ خواتین چیمبر آف کامرس کا ایک کامیاب ایونٹ تھا جس میں سیالکوٹ سمیت پاکستان بھر کی ویمن انٹر پرینیور کی ایک بڑی تعداد نے نمائش میں شمولیت اختیار کی۔ خواتین چیمبر کی جانب سے منعقدہ اس تجارتی نمائش کو حکومتی اور بزنس کمیونٹی کے ایوانوں بالخصو ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کی جانب سے بہت زیادہ سراہا گیا۔ انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ دوسری "WE Exhibit 2024" نمائش مارچ 2024ء میں منعقد ہو رہی ہے۔ جس میں اس سال پاکستان بھر سے خواتین کی ایک بڑی تعداد کی شمولیت متوقع ہے۔

مس نادیہ قیصر نے ملکی معیشت اور برآمدی انڈسٹری کو درپیش مسائل و چیلنجز پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ڈالر کے مقابلے میں روپے کی گرتی ہوئی قدر، خام مال کی امپورٹ میں حائل رکاوٹوں، ٹیکسز کی بھرمار اور مہنگے یوٹیلٹی بلز بالخصوص بجلی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کی وجہ سے ملکی انڈسٹری کیلئے شدید خطرات پیدا کر دیئے ہیں۔ برآمدی انڈسٹری جو پہلے ہی شدید مشکلات و مسائل میں اپنے وجود کو برقرار رکھنے کیلئے کوشاں تھی اس کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا گیا ہے۔ اگر حالات یہی رہے تو ملک میں روزگار کے سب سے زیادہ مواقع فراہم کرنے والا یہ اہم شعبہ مزید مسائل کا شکار ہو سکتا ہے۔ لہذا حکومت وقت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ ملکی معیشت کو استحکام فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرنے والے سیکٹر کے فروغ کیلئے فی الفور اقدامات اٹھائے۔

مجھے ادب بالخصوص شعر و شاعری میں بہت دلچسپی ہے۔ بچپن سے ہی مجھے علامہ اقبال، فیض احمد فیض اور امجد اسلام امجد کے کئی اشعار زبانی ازبر ہیں، اور بات بھی پاکستان کی ترقی کی ہو رہی ہے تو میں اپنی بات کا اختتام اس رباعی پر کروں گی :

خدا کرے کہ میری ارض پاک پر اترے
وہ فصل گل کہ جسے اندیشہ زوال نہ ہو
خدا کرے میرے اک بھی ہم وطن کے لیے
حیات جرم نہ ہو زندگی وبال نہ ہو

سیالکوٹ کی Women Entrepreneur کی ایکسپورٹ انڈسٹری میں شمولیت

سیالکوٹ پاکستان کا ایک اہم تاریخی برآمدی شہر ہے جہاں SME کلچر نے خوب ترقی کی ہے، سیالکوٹ کا ہر دوسرا شخص آپ کو برآمدی سرگرمیوں کا حصہ نظر آتا ہے۔ مردوں کے ساتھ ساتھ اب صنف نازک کی ایک کثیر تعداد بھی مختلف شعبہ ہائے زندگی میں آپ کو مردوں کے شانہ بشانہ کام کرتی نظر آتی ہیں۔ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ڈیپارٹمینٹل کمیٹی برائے وویمن انٹر پرینیور اور سیالکوٹ چیمبر کی کاوشوں سے قائم کردہ خواتین چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے سیالکوٹ کی خواتین کو کاروباری سرگرمیوں کا فعال حصہ بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

سیالکوٹ میں اس وقت درجنوں خواتین ایسی ہیں جو انتہائی کامیابی کے ساتھ نہ صرف انفرادی اور خاندانی بزنس چلا رہی ہیں بلکہ دنیا بھر میں منعقدہ تجارتی نمائشوں میں بھرپور شرکت بھی کر رہی ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ سیالکوٹ کی برآمدی سرگرمیوں میں خواتین کی تعداد میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ایسی ہی ایک صنف نازک کا مختصر تعارف ان کی زبانی قارئین کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔

’’میرا نام نادیہ قیصر ہے اور میں اس وقت "میسرز بیوٹی سٹار انٹر پرائزز" کی چیف ایگزیکٹو ہوں، ہماری کمپنی دنیا بھر میں بیوٹی انسٹرومنٹس ایکسپورٹ کرتی ہے اور ہم اس وقت کئی انٹرنیشنل برانڈز کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ میرے کاروبار کے ساتھ منسلک ہونے کی کہانی بہت دلچسپ ہے، میں نے اپنی ایک محسن دوست کے اصرار پر سیالکوٹ چیمبر کی سرگرمیوں میں حصہ لینا شروع کیا تو اس سے میری کاروبار میں دلچسپی بڑھنے لگی، سیالکوٹ میں نئے برآمدکنندگان کیلئے مختلف ٹریننگ ورکشاپس اور سیمینار منعقد کئے جاتے ہیں، میں ان سیمینارز میں باقاعدگی کے ساتھ شرکت کرتی ہوں جس سے مجھے بہت فائدہ ہوتا ہے، اس سے نئی نئی چیزیں سیکھنے کو ملتی ہیں۔ جب میں نے اپنے فیملی بزنس میں باقاعدہ شمولیت اختیار کی تو خاندان والوں کو میری شکل میں ایک اچھا "مددگار" مل گیا۔ الحمداللہ اب میں ہر سال بیوٹی انسٹرومنٹس سے متعلقہ بین الاقوامی تجارتی نمائشوں میں اپنی فرم کی نمائندگی کرتی ہوں۔

علاوہ ازیں ایکسپورٹ آرڈرز کے حصول کیلئے کسٹمرز کے ساتھ کاروباری میٹنگ کے حصول کیلئے میں دنیا بھر کے ممالک کا وزٹ کرتی ہوں۔ مجھے یہ کہتے ہوئے انتہائی مسرت کا احساس ہو رہا ہے کہ میری کاروباری زندگی میں، میری رول ماڈل مکہ کی معروف تاجرہ امہات المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ ہیں جو اسلامی تاریخ کی پہلی وویمن انٹر پرینیور ہیں۔

جو یقیناً کسی بھی اچھے لیڈر کی قائدانہ صلاحیتوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔انہوں نے کہا کہ میری دعا ہے کہ اللہ کریم سیالکوٹ کی بزنس کمیونٹی کے اس اتحاد کو ہمیشہ قائم و دائم رکھے۔

صدر سیالکوٹ چیمبر کے علاوہ محترم جناب ریاض الدین شیخ صاحب، جناب ڈاکٹر محمد اسلم ڈار صاحب، ڈاکٹر نعمان ادریس بٹ صاحب، جناب میاں محمد ریاض صاحب، ڈاکٹر مریم نعمان ادریس بٹ، جناب ماجد رضا بھٹہ صاحب، جناب میجر (ر) منصور احمد، جناب اکرام الحق صاحب، جناب حسن علی بھٹی صاحب، جناب ارشد لطیف بٹ صاحب، جناب وقاص اکرم اعوان صاحب، جناب اعجاز احمد کھوکھر صاحب، جناب غلام مصطفیٰ چوہدری صاحب سمیت مختلف حاضرین کرام نے FPCCI کے حالیہ انتخابات میں شاندار کامیابی پر اپنی تاثرات کا اظہار کیا۔

-x-x-x-x-x-x-x-x-

یونائیٹڈ بزنس گروپ (UBG) کی
فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے
انتخابات برائے سال 2024-25ء میں تاریخی کامیابی

مورخہ 05 جنوری 2024ء کو یونائیٹڈ بزنس گروپ (UBG) کی فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (FPCCI) کے انتخابات برائے سال 2024-25ء میں تاریخی کامیابی پر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے سیالکوٹ کی بزنس کمیونٹی کے ہردلعزیز رہنما جناب ریاض الدین شیخ صاحب اور سیالکوٹ کی تمام ایسوسی ایشنز کے چیئرمین صاحبان کے اعزاز میں ایک پرتکلف ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا۔

صدر سیالکوٹ چیمبر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سب سے پہلے اس تاریخی کامیابی پر سیالکوٹ کی ایسوسی ایشنز کے گروپ لیڈران، ووٹرز اور چیئرمین ایسوسی ایشنز جناب ارشد لطیف بٹ، جناب یوسف حسن باجوہ، جناب خواجہ مشرف اقبال، ، جناب محمد احسان الحق، جناب قاسم محمود سدرہ، جناب شیخ عنصر عزیز پوری جناب شیخ عبدالوحید صندل، جناب سہیل سعید براس، جناب فضل جیلانی، صدر سال چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ جناب میاں خلیل احمد، اور صدر وویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سیالکوٹ محترمہ ڈاکٹر مریم نعمان صاحبہ، کو FPCCI کے سالانہ انتخابات میں UBG کی شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور ان تمام معززین کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے جناب ریاض الدین شیخ صاحب کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے FPCCI کے انتخاب میں UBG گروپ کو نہ صرف support کیا بلکہ اس کی کامیابی کیلئے ہر ممکن تعاون بھی کیا۔

انہوں نے کہا کہ اس میں کچھ شک نہیں کہ UBG گروپ میں شامل تمام لیڈران کا تعلق ملک کے نامور بزنس گروپس سے ہے، جو ملکی معیشت کو درپیش مسائل و مشکلات سے نہ صرف بخوبی آگاہ ہیں بلکہ انڈسٹری کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کرنے کی بھی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ اور مجھے قوی امید ہے کہ یہ انشاءاللہ نہ صرف پاکستان کی بزنس کمیونٹی کے فروغ کیلئے کام کریں گے بلکہ FPCCI کے کھوئے ہوئے وقار کو بحال کرنے کیلئے اپنا بھرپور کردار بھی ادا کریں گے۔

صدر سیالکوٹ چیمبر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ FPCCI کے انتخابات میں اس تاریخی فتح کا سہرا سیالکوٹ بزنس کمیونٹی کے راہنما جناب ریاض الدین شیخ صاحب اور UBG گروپ کے چیئر پرسن جناب ایس ایم تنویر اور ان کی ٹیم کی قائدانہ صلاحیتوں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں خصوصی طور پر جناب ریاض الدین شیخ صاحب کو خراج تحسین پیش کرنا چاہوں گا جن کی بے لوث اور مخلصانہ کوششوں کی بنا پر آج سیالکوٹ کی بزنس کمیونٹی میں نہ صرف مکمل اتحاد کی فضا موجود ہے۔ شیخ صاحب کی بزنس کمیونٹی کیلئے خدمات کا ایک طویل سفر ہے جو انہوں نے بزنس کمیونٹی کی مکمل حمایت اور پذیرائی کے باوجود اپنی ذات کی نفی کرتے ہوئے طے کیا ہے۔ ان کے فیصلوں میں ہمیشہ ملکی بزنس کمیونٹی کے اجتماعی مفاد کی جھلک نظر آتی ہے

علاوہ ازیں صدر سیالکوٹ چیمبر نے سیالکوٹ شہر کے انفراسٹرکچر کی تعمیر و ترقی کیلئے جن اہم ترقیاتی پراجیکٹس کی فوری تعمیر کی ضرورت پر زور دیا ان میں سیالکوٹ-وزیر آباد ایکسپریس وے کی تعمیر، ایمن آباد روڈ کی Dualization اور سیالکوٹ-لاہور موٹر وے سے لنک، سیالکوٹ-لاہور موٹر وے کی Extension و تعمیراتی نقائص کا خاتمہ، ضلع کچہری، جیل و دیگر سرکاری دفاتر کی شہر سے باہر منتقلی، سیالکوٹ شہر کے روڈز انفراسٹرکچر میں بہتری، سیالکوٹ میں کارڈیک اینڈ کینسر کیئر ہسپتال کی تعمیر، سیالکوٹ انٹرنیشنل ائر پورٹ کیلئے Open Sky Policy کی اجازت، نارووال تا سیالکوٹ ریلوے ٹریک کی بحالی، سیالکوٹ رنگ روڈ کی تعمیر، سیالکوٹ بزنس اینڈ کامرس سنٹر کے قیام کے اغراض و مقاصد کی حقیقی تکمیل کیلئے اس پراجیکٹ کے انتظامی امور کی سیالکوٹ چیمبر کو تفویض جیسے اہم امور شامل تھے۔ مزید براں صدر سیالکوٹ چیمبر نے وزیر اعظم پاکستان کی سربراہی میں ایک ایسی ہائی پاورڈ ایکسپورٹ کونسل کی تشکیل کی ضرورت پر زور دیا جس سے ایکسپورٹ سیکٹر سے متعلقہ تمام قوانین کا نہ صرف جائزہ لے جائے بلکہ ایسے قوانین جو ایکسپورٹ کے فروغ میں رکاوٹ کا باعث بن رہے ہیں ان میں آسانیاں ہوں۔

اس اہم اجلاس میں صدر سیالکوٹ چیمبر کے علاوہ سینئر نائب صدر جناب وہب جہانگیر، نائب صدر جناب عامر مجید شیخ، بزنس کمیونٹی کے لیڈر جناب ریاض الدین شیخ صاحب، جناب ڈاکٹر محمد اسلم ڈار صاحب، اراکین ایگزیکٹو کمیٹیز، سابق صدور سیالکوٹ چیمبر سمیت اہم کاروباری و سیاسی شخصیات نے شرکت کی۔

عزت مآب محترم جناب میاں محمد نواز شریف سابق وزیر اعظم پاکستان کا دورہ سیالکوٹ چیمبر

مورخہ 25 نومبر 2023ء کو سابق وزیر اعظم پاکستان عزت مآب جناب میاں محمد نواز شریف صاحب نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر قیادت کے ہمراہ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا۔ دورہ چیمبر کے موقع پر جو اہم مسلم لیگی راہنما میاں صاحب کے ہمراہ تشریف لائے ان میں جناب خواجہ محمد آصف صاحب، جناب محمد اسحاق ڈار صاحب، محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ، جناب محمد احسن اقبال صاحب، جناب پرویز رشید صاحب، جناب مریم اورنگزیب صاحبہ سمیت متعدد سینئر سیاسی راہنما شامل تھے۔

صدر سیالکوٹ چیمبر محترم جناب عبدالغفور ملک نے چیمبر کی سینئر قیادت کے ہمراہ معزز مہمانان گرامی کی چیمبر آمد پر ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ صدر سیالکوٹ چیمبر نے معزز مہمانان گرامی کی خدمت میں خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ جناب میاں صاحب پاکستان کے پہلے وزیر اعظم ہیں جنھوں نے متعدد بار سیالکوٹ چیمبر کا دورہ کیا ہے، جو سیالکوٹ کی بزنس کمیونٹی اور اہلیان سیالکوٹ کے ساتھ ان کی والہانہ محبت اور خصوصی چاہت کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج جس جگہ پر سیالکوٹ چیمبر کی پرشکوہ بلڈنگ قائم ہے یہ قطعہ اراضی بھی میاں صاحب کی خصوصی مہربانی کی مرہون منت ہے۔ صدر چیمبر نے سیالکوٹ کی عوام اور کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل اور سیالکوٹ کی تعمیر و ترقی کیلئے ہمیشہ مثبت کردار ادا کرنے پر جناب خواجہ محمد آصف صاحب کی خدمات کا بھی خصوصی طور پر شکریہ ادا۔

صدر سیالکوٹ چیمبر نے جناب میاں صاحب کے پہلے تین ادوار میں پاکستان بھر میں قائم ہونے والے ترقیاتی منصوبہ جات اور ملکی معیشت کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے کی جانے والی کاوشوں پر ان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں صنعت و تجارت کے فروغ اور سرمایہ کاری کے حصول کیلئے DLTL جیسی سکیموں کا دوبارہ اجراء، خام مال کی امپورٹ پر عائد کسٹم ڈیوٹی میں کمی، بیرون ممالک میں تعینات کمرشل اتاشی کی کارکردگی میں بہتری، Regionally Competitive Energy Tariff کی بحالی، ایکسپورٹ فنانس سکیم کے موجودہ 19% مارک اپ ریٹ میں کمی، Exim Bank کی تکمیل تک کمرشل بینکوں کی جانب سے ٹریڈ کریڈٹ انشورنس کی سہولت کی فراہمی، ای کامرس ایکسپورٹس اور فری لانسنگ کے ذریعے ملکی زرمبادلہ کے حصول کیلئے Youth کی Moblization اور بین الاقوامی معیار کے مطابق لیبر کی skills ڈویلپمنٹ جیسے اہم اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے۔

EDF بورڈ کا مستقل ممبر مقرر کیا جانا اس کا جائز حق تھا۔ ہمیں یہ چیز آپ سے شیئر کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ 2023ء میں سیالکوٹ چیمبر کو Export Development Fund کے بورڈ آف ایڈمنسٹریشن کا مستقل ممبر مقرر کردیا گیا ہے۔

☆ ایکسپورٹ پراسیسنگ زون (EPZ) سیالکوٹ کے حوالہ سے اس سال جو اہم پیش رفت سامنے آئیں ہیں ان میں مقامی کرنسی میں تعمیراتی سامان خریدنے کی اجازت، منسوخ شدہ پلاٹوں کی بحالی اور EPZ کے Operational مسائل کے حل کیلئے BOM کی تشکیل جیسے اہم ریلیف شامل ہیں۔

☆ روس-یوکرائن جنگ کے پس منظر میں روس پر عائد پابندیوں کی وجہ سے پاکستان کے ایکسپورٹرز کو بھی ادائیگیوں کے سلسلہ میں شدید مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ سیالکوٹ چیمبر کی کاوشوں سے نہ صرف ہم اس مسئلہ کو حل کروانے میں کامیاب رہے بلکہ ایکسپورٹرز کے بینکنگ سے متعلقہ مسائل کے فوری حل کیلئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے ایک Facilitation Desk بھی قائم کروانے میں کامیاب رہے جو خالصتاً ایکسپورٹرز کے مسائل کو address کرنے کیلئے قائم کیا گیا ہے۔

☆ سیالکوٹ چیمبر کی ہمیشہ یہ خواہش اور کوشش رہی ہے کہ انڈسٹری اور بزنس سے متعلقہ اداروں پر مبنی ایک Facilitation Center ہونا چاہیے۔ ہم وزیر اعلیٰ پنجاب کے انتہائی ممنون ہیں کہ انہوں نے صوبہ بھر میں انڈسٹری اور بزنس سے متعلقہ اداروں پر مبنی "One Window Facilitaton Centers" کے قیام کا اعلان کیا ہے۔ سیالکوٹ چیمبر کی جانب سے ان تمام محکموں پر مبنی سفارشات مرتب کرکے حکومت پنجاب کو ارسال کردی گئی ہیں۔ سنٹرز کی حتمی تشکیل کیلئے مشاورت و میٹنگز کا سلسلہ جاری ہے اور مجھے امید ہے کہ بہت جلد ان Facilitaton Centers کے قیام کا نوٹیفکیشن جاری کردیا جائے گا۔

☆ حسب روایت سیالکوٹ چیمبر نے اس سال بھی ضلع سیالکوٹ کے Infrastructure کو update کروانے کیلئے ہر ممکن کوشش کی۔ چیمبر کی خصوصی کاوشوں کی بدولت سیالکوٹ-ایمن آباد روڈ کو سیالکوٹ-لاہور موٹر وے سے لنک کرنے کیلئے درکار فنڈز کی منظوری، سیالکوٹ-وزیر آباد روڈ، سیالکوٹ-پسرور روڈ اور سمبڑیال

Achievements کے حصول میں نہ صرف میری معاونت کی بلکہ چیمبر امور کو انتہائی خوش اسلوبی کے ساتھ سرانجام دیا۔

میں چیمبر امور کی انجام دہی پر اپنے ممبران ایگزیکٹو کمیٹی، ڈیپارٹمنٹل کمیٹیز کے Chairpersons اور چیمبر سٹاف کا دلی طور پر شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے چیمبر ممبران کو درپیش مسائل کے حل اور ایکسپورٹ کی راہ میں حائل رکاوٹوں اور حکومتی مراعات کے حصول کیلئے جاری کاوشوں میں میرا ساتھ دیا۔

تمام ایسوسی ایشنز کے Chairpersons، ضلعی انتظامیہ، مقامی محکموں کے آفسران، کنٹونمنٹ بورڈ سیالکوٹ کینٹ اور میڈیا کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے چیمبر امور کی انجام دہی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔

میں اللہ تعالیٰ کا انتہائی شکرگزار ہوں جس نے مجھے سیالکوٹ کی بزنس کمیونٹی کی خدمت کا موقع فراہم کیا۔ میری بھرپور کوشش ہوگی کہ جس Commitment اور خلوص کے ساتھ ہم نے ایک سال آپ کی خدمت کا فریضہ سرانجام دیا ہے، یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری وساری رہے گا۔ میں اور میری ٹیم آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ ہم آپ کے اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔"

صدر چیمبر کے خطاب کے بعد سینئر نائب صدر جناب وہب جہانگیر نے اجلاس سے خطاب کیا اور عائد کردہ فرائض منصبی کی ادائیگی کے حوالہ سے اظہار خیال کیا۔ سینئر نائب صدر کے خطاب کے بعد صدر سیالکوٹ چیمبر جناب عبدالغفور ملک نے محترم جناب ریاض الدین شیخ، محترم جناب ڈاکٹر محمد اسلم ڈار اور سینئر اراکین چیمبر کے ہمراہ چیئرمین ڈیپارٹمنٹل کمیٹیز اور چیمبر سٹاف کو شاندار سالانہ کارکردگی پر "پریذیڈنٹ ایوارڈ" سے نوازا۔

اجلاس میں صدر بزنس کمیونٹی سیالکوٹ کے لیڈر محترم جناب ریاض الدین شیخ صاحب، محترم جناب ڈاکٹر محمد اسلم ڈار صاحب، سابق صدور سیالکوٹ چیمبر جناب محمد حنیف خان، جناب عبدالوحید صندل صاحب، جناب میجر (ر) منصور احمد صاحب، جناب خواجہ مسعود اختر صاحب، جناب میاں محمد ریاض صاحب، جناب طاہر مجید کپور صاحب، جناب چوہدری غلام مصطفیٰ صاحب، جناب ڈاکٹر نعمان ادریس بٹ صاحب، اراکین ایگزیکٹو کمیٹی سمیت سابق سینئر نائب صدور، نائب صدور اور اراکین چیمبر کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔

ائیرپورٹ روڈ سمیت دیگر اہم شاہراؤں کی تعمیر کیلئے ضروری فنڈز کی فراہمی، مظفرپور ریلوے کراسنگ پر اوور ہیڈ برج کی تعمیر سمیت سیالکوٹ سیف سٹی جیسے اہم پراجیکٹ کے Pre-qualification ٹینڈر کا اجراء ممکن ہوا۔

☆ وزیر اعلیٰ پنجاب کی زیر صدارت منعقدہ پنجاب چیمبرز آف کامرس coordination کمیٹی (PCCC) کے اجلاس میں، میں نے پنجاب بھر کے چیمبرز کو ضلعی حکومتی سطح پر درپیش مسائل کے حل کیلئے "District Coordination Committees" قائم کرنے کی تجویز پیش کی۔ جس کو نہ صرف تمام اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے پسند کیا گیا بلکہ کمیٹیوں کے قیام کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ مجھے امید ہے کہ ان کمیٹیوں کے قیام سے صوبائی و ضلعی سطح پر exporters کے مسائل کو ہنگامی بنیادوں پر حل کرنے میں مدد ملے گی۔

☆ اس سال چیمبر پلیٹ فارم سے self-finance کی بنیاد پر چیمبر ممبران پر مشتمل تجارتی وفود نے کویت، مراکش اور آذربائیجان کا دورہ کیا۔ کویت visit کے دوران دوطرفہ تجارتی تعلقات میں مزید اضافہ کے حصول کیلئے سیالکوٹ چیمبر اور کویت چیمبر کے مابین ایک اہم MoU بھی sign کیا گیا۔ علاوہ ازیں چیمبر کی مسلسل کاوشوں کی بدولت حکومت سے برطانیہ، برازیل، جاپان، شام اور کینیڈا کے ممالک کیلئے تجارتی وفود بھیجنے کی منظوری مل چکی ہے جس پر working جاری ہے اور بہت جلد چیمبر ممبران پر مشتمل وفود ان ممالک کیلئے روانہ کئے جائیں گے۔

☆ اس سال سیالکوٹ چیمبر کی بلڈنگ کی تزین و آرائش کا منصوبہ ترتیب دیا گیا۔ منصوبہ کے تحت چیمبر ممبران کی سہولت کے پیش نظر ممبرشپ ڈیپارٹمنٹ، ویزا سیکشن، پبلی کیشن، ڈاکومنٹس کی Attestation اور خود کفالت روزگار ٹرسٹ سمیت تمام سروسز کو ایک ہی جگہ پر اکھٹا کرنے کی غرض سے "ریاض الدین شیخ بلاک" کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ علاوہ ازیں اس کے علاوہ چیمبر آڈیٹوریم میں "جدید میڈیا وال" کی تنصیب اور ڈائننگ ہال کی جدید دلکش انداز میں تعمیر، بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے پیش نظر چیمبر بلڈنگ میں 90 میگاواٹ کے سولر سسٹم کی تنصیب بھی کی گئی ہے۔

☆ چیمبر ممبران کیلئے Certificate of Origin کی سہولت کو آن لائن کر دیا گیا ہے۔ اب آپ بآسانی چیمبر ویب سائٹ پر موجود لنک کی مدد سے اس کو fill کر کے اس کا پرنٹ حاصل کر کے چیمبر سے Attest کروا سکتے ہیں۔

☆ بین الاقوامی نمائشوں بالخصوص امریکہ اور جرمنی میں منعقدہ نمائشوں میں شرکت کرنے والے اراکین کو ترجیحی بنیادوں پر Visa appointment کی سہولت کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔

☆ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کی Recommendation پر حکومت پاکستان کی جانب سے محترم جناب ریاض الدین شیخ صاحب اور محترم جناب خواجہ ذکاء الدین (مرحوم) کو سول ایوارڈ "ستارہ امتیاز" کے اعزاز سے نوازا گیا۔

معزز حاضرین کرام! میں یہاں خصوصی طور پر اپنے سینئر نائب صدر جناب وہب جہانگیر صاحب اور نائب صدر جناب عامر مجید شیخ صاحب کا ممنون ہوں کہ انہوں نے بیان کردہ ایکسپورٹ پراڈکٹس کی تیاری میں استعمال ہونے والے خام مال پر پابندی عائد کردی گئی تھی۔ سیالکوٹ چیمبر کی خصوصی کاوشوں کی وجہ سے نہ صرف خام مال امپورٹ کرنے کیلئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے عائد پیشگی منظوری کی شرط کو ختم کر دیا گیا بلکہ 2023ء کے EPD سرکلر لیٹر نمبر 10 کے تحت خام مال کی Import پر عائد پابندی کو بھی مکمل طور ختم کر دیا گیا۔

☆ 25 نومبر 2022ء کو وفاقی وزیر خزانہ جناب محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر دفاع جناب خواجہ محمد آصف اور مشیر خزانہ جناب طارق عزیز کے ساتھ ہونے والی اہم میٹنگ میں، میں نے ایکسپورٹرز کو اپنے غیر ملکی کرنسی اکاؤنٹس سے خام مال کی Import کی اجازت دینے کی تجویز پیش کی جس کو نہ صرف حکومتی حلقوں کی جانب سے سراہا گیا بلکہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے منظوری کا باقاعدہ سرکلر بھی جاری کر دیا گیا۔

☆ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے Overdue ادائیگیوں کی وصولی اور DLTL کیسز کی وصولی کیلئے مقررہ Cut-off-date میں توسیع کے سلسلہ میں ہم نے وزارت خزانہ اور گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے متعدد میٹنگز کیں۔ جس پر حکومت کی جانب سے Overdue ادائیگیوں کیلئے 30 اپریل 2023ء اور DLTL ٹیکسٹائل و نان ٹیکسٹائل کے Time Barred Cases جمع کروانے کی تاریخ میں 30 ستمبر 2023ء تک کی توسیع کر دی گئی۔

☆ سال 2019ء میں سیالکوٹ چیمبر کو ایک سال کیلئے EDF کا بورڈ ممبر تعینات کیا گیا تھا۔ جبکہ سیالکوٹ کی برآمدی حیثیت کو سامنے رکھتے ہوئے سیالکوٹ چیمبر کا

انتہائی اختصار کے ساتھ پیش کیا جا رہا ہے، تا کہ وہ تمام ممبران جو سالانہ اجلاس میں شرکت کرنے سے قاصر رہے یا سیالکوٹ چیمبر کی سالانہ رپورٹ ان تک نہیں پہنچ سکی وہ بھی سال 2022-23ء میں چیمبر پلیٹ فارم سے ہونے والی Activities کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔

"ہر قسم کی تعریفیں اللہ خالق و مالک کیلئے ہیں، جو انتہائی مہربان نہایت رحم والا ہے، لاتعداد درود و سلام اللہ کے آخری نبی حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل پر۔

قابل احترام معزز ممبران چیمبر!

السلام علیکم!

میں تمام اراکین چیمبر، ممبران ایگزیکٹو کمیٹی، چیئر پرسنز ڈیپارٹمینٹل کمیٹیز، گروپ لیڈران اور چیئرمین ایسوسی ایشنز کو سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی AGM-2023 میں تشریف آوری پر خوش آمدید کہتا ہوں۔ گزشتہ کچھ سالوں سے چیمبر ممبران کی جانب سے مسلسل یہ Demand کی جا رہی تھی کہ چیمبر کی سالانہ میٹنگ کا اہتمام کسی کشادہ جگہ پر ہونا چاہیے، لہذا ممبران کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے اس سال ہم نے سالانہ اجلاس کا اہتمام "Heritage Club" میں کیا ہے۔

معزز ممبران چیمبر!

بلاشبہ اس پر وقار ادارے کا مقام و مرتبہ آپ کے دم قدم سے ہی ہے۔ ممبران Executive Committee اور Office- Bearer s آپ ہی کے elected نمائندے ہیں، جن کو آپ اس عزم اور امید کے ساتھ elect کرتے ہیں کہ وہ Business Community کو درپیش مسائل کا حل تلاش کریں اور آپ کے لیے کاروباری آسانیاں پیدا کریں۔

میں ہرگز یہ claim نہیں کرتا کہ میں اور میری ٹیم نے ہر کام آپکی توقعات اور خواہشات کے عین مطابق انجام دیا ہے، مگر مجھے آپ کے سامنے یہ بات کرتے ہوئے دلی اطمینان حاصل ہے کہ ہم نے اپنی نجی و کاروباری مصروفیات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ہمیشہ چیمبر امور کو ترجیحی بنیادوں پر سرانجام دینے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ ہم نے ہر فورم اور ہر سطح پر آپکے interest کو protect کیا اور چیمبر کے اغراض و مقاصد کو آگے بڑھانے کیلئے پوری تندہی سے کام کیا۔ تاہم اپنی کوششوں میں ہم کس حد تک کامیاب رہے اس کا فیصلہ تو بہرحال آپ کو ہی کرنا ہے۔

مجھے یہ چیز شیئر کرتے ہوئے انتہائی خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ سیالکوٹ چیمبر کی خدمات کو acknowledge کرتے ہوئے اگست 2023ء میں حکومت پاکستان کی جانب سے چیمبر کو "ڈویلپمنٹ لیڈرشپ ایوارڈ" جیسے اہم قومی اعزاز سے نوازا گیا۔ یہ ایوارڈ پاکستان کے ان سماجی اداروں اور آرگنائزیشنز کو دیا جاتا ہے جو اپنے وسائل ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے خرچ کرتے ہیں۔ بلا شبہ یہ ایوارڈ چیمبر ممبران کی خدمات کا حکومتی سطح پر اعتراف کا منہ بولتا ثبوت ہے جس پر میں سیالکوٹ کی تمام بزنس کمیونٹی کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ آج سیالکوٹ چیمبر کو جو مقام حاصل ہے اس کا تمام تر Credit ہمارے گروپ لیڈران جناب ریاض الدین شیخ صاحب، جناب ڈاکٹر محمد اسلم ڈار صاحب اور ان کے رفقاء کو جاتا ہے، جنہوں نے اس ادارے کو یہ مقام دلانے کیلئے دن رات محنت کی۔

معزز ممبران گرامی قدر!

سال 2022-23ء کے دوران ہم نے جن اہم ایشوز پر کام کیا اور حکومتی ایوانوں سے آپ کیلئے ریلیف حاصل کرنے میں کامیاب رہے، ان کی detail انتہائی اختصار کے ساتھ پیش خدمت ہے:۔

☆ حکومت کی جانب سے تجارتی خسارے کو کم کرنے کیلئے تمام Imports بشمول

سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا سالانہ اجلاس

ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ کا سالانہ اجلاس صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری جناب عبدالغفور ملک کی زیر صدارت مورخہ 31 اکتوبر 2023ء "The Heritage Club" سیالکوٹ کینٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی کارروائی کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ تلاوت قرآن مجید کی سعادت ممبر ایگزیکٹو کمیٹی جناب چوہدری جہانگیر رشید صاحب نے حاصل کی۔

ڈپٹی سیکرٹری جناب جمشید مرتضیٰ بدر نے سیکرٹری جنرل، سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی نمائندگی کرتے ہوئے اجلاس کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو سال 23-2022 کی کارکردگی رپورٹ پیش کرنے کیلئے سٹیج پر مدعو کیا۔ صدر چیمبر کے خطاب سے پہلے ڈپٹی سیکرٹری نے چیمبر کے سالانہ اکاؤنٹس برائے سال 23-2022ء منظوری کیلئے ممبران کے سامنے پیش کئے گئے جس کو مشترکہ رائے کے ساتھ منظور کرلیا گیا۔ چیمبر اکاؤنٹس کی منظوری کے بعد صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری جناب عبدالغفور ملک نے چیمبر کی سالانہ کارکردگی رپورٹ ممبران کے سامنے پیش کی۔

معزز اراکین چیمبر کی معلومات کیلئے صدر سیالکوٹ چیمبر کا سالانہ کارکردگی پر مشتمل خطاب

JOB OPPORTUNITY

CNC OPERATOR

Having working experience of
CAM Software

Interested person may contact to

Mr. Muhammad Iqbal
M/S. MICROFINE COMPOSITES
Nawan Pind Road,Link Marala Road,
Gohadpur, Sialkot
Ph: 052-4265688
Mob: 0300-7175045
E-mail: iqbal@microfine.org



KNOWLEDGE UNIT OF BUSINESS, ECONOMICS, ACCOUNTANCY AND COMMERCE

(Number of PhD Faculty: 07)

- ADP Accounting and Finance
- ADP Business Administration and Commerce
- ADP Sales and Marketing
- ADP IT Management
- BBA
- BBIS
- BCom (Hons)
- BS Accounting and Finance
- Bachelor of Professional Studies (BPS)
- MBA Professional (1.5 years)
- MBA Professional (2 years)
- MS Management
- MS Marketing

KNOWLEDGE UNIT OF SOCIAL SCIENCES AND HUMANITIES

(Number of PhD Faculty: 08)

- BS Clinical Psychology
- BS English Literature
- BS Media and Communication
- BS International Relations
- MPhil in Islamic Thought and Civilization
- MPhil in Applied Linguistics
- PhD in Islamic Thought and Civilization*

KNOWLEDGE UNIT OF SYSTEMS AND TECHNOLOGY

(Number of PhD Faculty: 05)

- ADP Computer Science
- BS Computer Science *
- BS Software Engineering*
- BS Artificial Intelligence*
- BS Information Technology*
- MS Computer Science

KNOWLEDGE UNIT OF ENGINEERING

(Number of PhD Faculty: 04)

- BS Electrical Engineering *
- BS Mechanical Engineering*
- MS Electrical Engineering
- MS Mechanical Engineering

KNOWLEDGE UNIT OF SCIENCE

(Number of PhD Faculty: 15)

- BS Mathematics
- BS Physics
- BS Chemistry
- BS Biotechnology
- BS Biochemistry
- MS Physics
- MS Chemistry
- MS Biotechnology
- MS Mathematics
- PhD Mathematics

KNOWLEDGE UNIT OF DESIGN AND TEXTILE

- Bachelor of Graphic Design
- Bachelor of Textile Design
- Bachelor of Fashion Design
- Bachelor of Fine Arts

KNOWLEDGE UNIT OF HEALTH SCIENCES

- Doctor of Physiotherapy
- BS in Nutrition Sciences
- BS Medical Imaging and Ultrasonography
- BS Medical Laboratory Sciences

*** Programs Offered in Fall Session only**